# CANTONMENT BOARD MURREE HILLS

Tele: 051-9269212
E-mail: cbmurreehills@gmail.com

No. B-15/KP/749
Dated the 21 July, 2022

To

The Director (Advertisement),
Press Information Department (PID),
B.F Building Zero Point, Islamabad.

**Subject:** **MURREE HILLS CANTONMENT PUBLIC NOTICE**

The attached advertisement is forwarded herewith for publication under classified colun of advertisement of newspaper according to the requirement specified below.

| | | |
|---|---|---|
| i. | Date of Publication | on or before 26-07-2022 |
| ii. | Number of insertion | One (01) |
| iii. | Newspaper (National Dailies) | 02 (Urdu) 01 (English) |
| iv. | Region | Rawalpindi |
| v. | Language | Urdu & English |

2. Please forward bill alongwith teer sheet of newspaper to this office for payment.

Encl: **(As above)**

**Cantonment Executive Officer**
**Murree Hills**

**Copy to:-**

Dy. Director I &III Pub Regulatory Authority,
1st floor, FBC Building Near State Bank, Sector G-5/2,
Islamabad (for publishing on website of PPRA)

CS Scanned with CamScanner

# کنٹونمنٹ بورڈ مری ہلز

## کاروباری حضرات کے لئے خوشخبری

ہر خاص و عام خصوصا کاروباری حضرات کے لئے مشتہر کیا جاتا ہے کہ کنٹونمنٹ بورڈ مری ہلز کے پلازہ بشمول خالی احاطہ برائے ریسٹورنٹ/ ہوٹل واقع کلڈنہ چوک کی نیلام عام جہاں ہے جیسے ہے پیشگی سالانہ کرایہ کی بنیاد پر مورخہ **15 اگست 2022** بوقت 1:00 بجے دن دفتر کنٹونمنٹ بورڈ مری ہلز میں کی جائے گی۔ ہالز کا سائز اور زرضمانت درج ذیل ہیں۔

| نمبر شمار | تفصیل | ایریا/سائز | زرضمانت |
|---|---|---|---|
| 1 | بیسمنٹ | 70' x 27'-4" | مبلغ 5لاکھ روپے |
| 2 | لوئر گراؤنڈ فلور | 70' x 21'-3" | |
| 3 | گراؤنڈ فلور | 70' x 21'-3" | |
| 4 | اوپن ایریا | 70' x 64' (Area 4480 sft) | |
| 5 | لوئر گراؤنڈ ٹیرس | 70' x 9'-4" | |
| 6 | پلازے کی چھت | 73' -4" x 25'-6" | |

## شرائط نیلام:

ا۔ نیلامی میں حصہ لینے والے خواہشمند حضرات کو 5لاکھ روپے زرضمانت قبل از بولی کیش/ بنک ڈرافٹ/ کال ڈیپازٹ کی صورت میں (CDR) موقع پر جمع کرانی ہوگی جو کہ بولی کے بعد کامیاب بولی دہندہ کے علاوہ تمام حضرات کو واپس کردی جائے گی۔ کامیاب بولی دہندہ کل بولی کا 1/4 حصہ قابل واپسی موقع پر جمع کروائے گا۔ ادائیگی میں ناکامی پر زرضمانت بحق کنٹونمنٹ بورڈ مری ہلز ضبط کرلیا جائے گا۔

۲۔ کامیاب بولی دہندہ کو چھ ماہ کرایہ بولی کی حتمی منظوری کی اطلاع ملنے کے 15 یوم کے اندر ایڈوانس جمع کرانا ہوگا۔

۳۔ کامیاب بولی دہندہ کو عمارت کی ہر لحاظ سے مکمل تعمیر کے لئے زیادہ سے زیادہ 4 مہینے کا Grace Period دیا جائے گا۔ جس کے خاتمے کے بعد 5 سال کا معاہدہ کرایہ داری کامیاب بولی دہندہ اور کینٹ بورڈ کے درمیان عمل پذیر ہوگا اور 6 ماہ کا کرایہ (ایڈوانس) جو کہ کامیاب بولی دہندہ نے بولی کی حتمی منظوری کے بعد جمع کروایا ہوگا معاہدہ کرایہ داری کی تاریخ سے نافذ العمل ہوگا۔

۴۔ بولی کی منظوری کی اطلاع ملنے کے 30 یوم کے اندر چھ ماہ کا پیشگی کرایہ بطور سیکورٹی جمع کروانا ہوگا جو کہ قابل واپسی ہوگا اور کرایہ کی مدت کی تکمیل پر تمام واجبات کی ادائیگی کے بعد واپس کردیا جائے گا۔ بصورت دیگر پہلے سے اداشدہ رقم بحق کنٹونمنٹ بورد مری ہلز ضبط کرلی جائے گی۔ مزید براں کرایہ دار کو بولی کی منظوری کی اطلاع ملنے کے 15 یوم کے اندر اپنے اخراجات پر قبضہ ملنے سے پہلے معائدہ کرایہ داری کی تکمیل کرانا ہوگی۔ سالانہ کرائے کی تاریخ Grace Period کا وقت ختم ہونے کے بعد نافذ العمل ہوگی۔

۵۔ کامیاب بولی دہندہ ہر سال 10% کرایہ میں اضافہ کے ساتھ کرایہ جمع کرائے گا۔

۶۔ کرایہ داری کے حقوق پانچ سال کے لئے ہونگے۔ اس مدت کے اختتام پر کرایہ دار عمارت کا قبضہ کنٹونمنٹ بورڈ کے حوالے کرے گا یا تین ماہ قبل کرایہ داری حقوق کی تجدید کے لئے بورڈ کو درخواست گزارے گا۔ بورڈ میں غور و خوض کے بعد کرایہ میں مناسب اضافہ اور مجوزہ شرائط شامل کرنے کے بعد کرایہ داری کے حقوق کا ہر 03 سال بعد جائزہ لیا جائے گا جس کے بعد مزید تجدید کی جاسکے گی۔ کرایہ میں یہ اضافہ کسی بھی صورت مروجہ مارکیٹ کرایہ سے کم نہ ہوگا۔ مزید معاہدہ کرایہ داری نہ ہونے کی صورت میں عمارت کا قبضہ بحوالہ کنٹونمنٹ بورڈ کرنا ہوگا۔

۷۔ نیلامی میں حصہ لینے والے اشخاص اپنے کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی دفتر ہذا میں بولی شروع ہونے سے قبل جمع کرائیں گے۔

۸۔ پلازہ کی مکمل تکمیل کامیاب بولی دہندہ اپنے خرچہ پر خود کروائے گا۔ پلازہ کی تکمیل کیلئے کامیاب بولی دہندہ اپنا مجوزہ پلان منظور کروانے کا پابند ہوگا۔

Scanned with CamScanner

۹۔ بولی کی حتمی منظوری بورڈ/مجاز اتھارٹی کی منظوری کے تابع ہوگی۔ زیر دستخطی/کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر پیپرا رولز 2004ء کی شق نمبر 33 کے تحت کسی بھی بولی کو منظور یا مسترد کرنے کا مجاز ہے لیکن اس کی وجوہات بیان کرنے کا پابند نہ ہوگا۔

۱۰۔ کسی دوسرے شخص کی طرف سے بولی میں حصہ لینے کے لئے متعلقہ شخص کی طرف سے مختار نامہ اور کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ کی کاپی مہیا کرنا ہوگی۔

۱۱۔ عمارت کی مرمت و نگہداشت بذمہ کرایہ دار ہوگی۔

۱۲۔ کنٹونمنٹ بورڈ پراپرٹی رولز 1957ء کے تحت تمام کارروائی عمل میں لائے جائے گی نیز پیپرا کے قوانین لاگو ہونگے۔

۱۳۔ کامیاب بولی دہندہ بجلی، گیس، پانی کے کنکشن متعلقہ اداروں سے اپنے خرچ پر خود لگائے گا جس کے لئے ضروری اجازت نامہ دفتر کنٹونمنٹ بورڈ مری ہلز سے حاصل کیا جاسکے گا۔ تمام بلز کی بروقت ادائیگی بھی بولی دہندہ کی ذمہ داری ہوگی۔

۱۴۔ فریقین میں کسی بھی قسم کے تنازعہ (Dispute) کی صورت میں ڈائریکٹر ملٹری لینڈ اینڈ کنٹونمنٹس بطور Arbitrator کا فیصلہ حتمی ہوگا۔

۱۵۔ کامیاب بولی دہندہ مروجہ قوانین کے مطابق انکم ٹیکس دینے کا پابند ہوگا دیگر شرائط کسی بھی روز دفتری اوقات کار میں کنٹونمنٹ بورڈ آفس سے دیکھی یا معلوم کی جاسکتی ہیں۔

۱۶۔ کامیاب بولی دہندہ کنٹونمنٹ بورڈ کی اجازت کے بغیر حقوق کرائے داری کسی اور کو منتقل نہیں کرے گا۔ اور کوئی بلیک لسٹ فرد / فرم بولی میں حصہ نہیں لے سکتا۔

**نوٹ۔** مذکورہ بالا تاریخ کو بولی نہ ہونے/مسترد ہونے یا خاطر خواہ نتائج نہ ملنے کی صورت میں دوبارہ بولی 16 **اگست 2022ء** کو ہوگی اور اگر اس تاریخ کو بھی بولی نہ ہوسکی تو سہ بارہ بولی مورخہ 17 **اگست 2022ء** کو ہوگی اور اس کے لئے علیحدہ اشتہار نہ دیا جائے گا۔

**المشتہر**

**کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر**

مری ہلز

CS Scanned with CamScanner